# معلوماتی پرچہ

# نسلی امتیاز کے ایکٹ (Racial Discrimination Act) کے تحت شکایات

## نسلی امتیاز کا ایکٹ کیا ہے؟

نسلی امتیاز کا ایکٹ (The Racial Discrimination ACT 1975 (Cth) (the RDA) اسے قانون کے خلاف قرار دیتا ہے کہ آپ کی نسل، رنگ، نسب، قومی یا نسلی ماخذ یا تارک وطن حیثیت کی وجہ سے آپ کے ساتھ غیرمنصفانہ برتاؤ کیا جائے۔

یہ نسلی بنیادوں پر نفرت کو بھی قانون کے خلاف قرار دیتا ہے۔

## یہ قانون کب استعمال کیا جا سکتا ہے؟

آپ عوامی زندگی کے کئی معاملات میں منصفانہ برتاؤ حاصل کرنے کے لیے RDA کو استعمال کر سکتے ہیں:

- **روزگار** – ملازمت حاصل کرنا، ملازمت کی شرائط و حالات، تربیت، ترقی، برطرفی۔
- **تعلیم** – پرائیویٹ یا سرکاری سکول، کالج یا یونیورسٹی میں داخلہ لینا یا پڑھنا۔
- **رہائش** – مکان یا یونٹ کرایے پر لینا یا خریدنا۔
- **خدمات حاصل یا استعمال کرنا** – جیسے بینکنگ یا انشورنس، سرکاری محکموں کی طرف سے خدمات، ٹرانسپورٹ یا ٹیلی کمیونیکیشنز کی خدمات، وکیلوں، ڈاکٹروں یا کاریگروں وغیرہ کی طرف سے پیشہ ورانہ خدمات، ریستورانوں، دکانوں یا تفریحی مقامات کی طرف سے خدمات۔
- **عوامی مقامات تک رسائی** – جیسے پارک، سرکاری دفاتر، ریستوران، ہوٹل یا شاپنگ سنٹر۔

## نسلی امتیاز سے کیا مراد ہے؟

نسلی امتیاز تب واقع ہوتا ہے جب ایک شخص کے ساتھ اسی جیسی صورتحال میں ایک اور شخص کی نسبت کم مہربانی کا برتاؤ ہو اور یہ اس کی نسل، رنگ، نسب، قومی یا نسلی ماخذ یا تارک وطن حیثیت کی وجہ سے ہو۔ مثال کے طور پر اگر ایک رئیل اسٹیٹ ایجنٹ کسی شخص کو اس وجہ سے مکان کرایے پر دینے سے انکار کر دے کہ وہ کسی مخصوص نسلی پس منظر یا رنگت کا ہے تو یہ 'بلاواسطہ امتیازی سلوک' ہے۔

نسلی امتیاز تب بھی واقع ہوتا ہے جب سب لوگوں کے لیے ایک ہی اصول یا پالیسی واجب ہو لیکن کسی مخصوص نسل، رنگ، نسب، قومی یا نسلی ماخذ یا تارک وطن حیثیت کے لوگوں پر اس کا غیرمنصفانہ اثر ہو۔ اسے ''بالواسطہ امتیازی سلوک' کہتے ہیں۔ مثال کے طور پر یہ بالواسطہ امتیازی سلوک ہو سکتا ہے کہ ایک کمپنی اپنے ملازمین کو کام پر ٹوپیاں یا سر ڈھکنے والی دوسری چیزیں پہننے سے منع کرے کیونکہ اس سے کچھ نسلی پس منظروں کے لوگوں پر غیرمنصفانہ اثر پڑنے کا امکان ہے۔

## نسلی بنیادوں پر نفرت سے کیا مراد ہے؟

یہ قانون کے خلاف ہے کہ کسی نسل، رنگ، قومی یا نسلی ماخذ کے فرد یا لوگوں کے گروہ کے خلاف کھلے عام کچھ کیا جائے جس سے **ناگواری، توہین، تذلیل یا خوف** پیدا ہونے کا امکان ہو۔

نسلی بنیادوں پر نفرت کی مثالوں میں یہ شامل ہو سکتا ہے جیسے نسل کے حوالے سے:

- انٹرنیٹ پر ناگوار مواد جس میں ای فورم، بلاگ، سوشل نیٹ ورکنگ سائیٹس اور وڈیو شیئرنگ سائیٹس شامل ہیں
- اخباروں، میگزینوں، پرچوں یا فلائرز جیسی مطبوعات میں ناگوار تبصرے یا تصویریں
- عوامی جلسے میں ناگوار تقریریں
- کسی عوامی مقام جیسے دکان، جائے کار، پارک یا پبلک ٹرانسپورٹ یا سکول میں بدزبانی والے تبصرے
- کھیلوں کے مقامات پر کھلاڑیوں، تماشائیوں، کوچ یا اہلکاروں کی طرف سے بدزبانی والے تبصرے۔

## نسل کی بنیاد پر کونسا ناگوار طرزعمل قانون کے خلاف نہیں ہے؟

RDA کا مقصد کھل کر بات کر سکنے کے حق ('آزادئ اظہار') اور نسلی بنیادوں پر نفرت کے بغیر زندگی گزارنے کے حق کے درمیان توازن رکھنا ہے۔ RDA کہتا ہے کہ اگر مندرجہ ذیل کو **"معقول طور پر اور اچھے ارادے سے"** کیا جائے تو یہ قانون کے خلاف نہیں ہے:

- **فن پارہ یا فن کا مظاہرہ** – مثال کے طور پر کسی ڈرامے میں ایک کردار نسلی حوالے سے ناگواررویّے ظاہر کر رہا ہو
- **حقیقی علمی یا سائنسی مقاصد سے پیش کردہ کوئی بیان، طباعت، تبادلۂ خیال یا مباحثہ** – مثال کے طور پر امیگریشن، ملٹی کلچرل ازم یا مخصوص گروہوں کے لیے خصوصی اقدامات کی سرکاری پالیسی پر تبادلۂ خیال یا مباحثہ کرنا
- **عوامی مفاد کے کسی معاملے میں ایک منصفانہ اور درست رپورٹ پیش کرنا** – مثال کے طور پر نسلی حوالے سے ناگوار طرزعمل کے بارے میں اخبار میں ایک منصفانہ رپورٹ
- **منصفانہ تبصرہ کرنا،** اگر وہ تبصرہ ایک شخص کے حقیقی یقین کا اظہار ہو۔

## اگر مجھے امتیازی سلوک یا نسلی بنیادوں پر نفرت کا تجربہ ہو تو میں کیا کر سکتا ہوں؟

غالباً آپ براہ راست متعلقہ شخص یا لوگوں سے اس بارے میں بات کرنا چاہیں۔

اگر اس سے مسئلہ حل نہ ہو یا آپ ایسا کرنے سے گھبراتے ہوں تو آپ آسٹریلیا میں انسانی حقوق کے کمیشن (آسٹریلین ہیومن رائٹس کمیشن) کے پاس شکایت کر سکتے ہیں۔ آپ اپنی شکایت کسی سولیسیٹر، ایڈووکیٹ یا ٹریڈ یونین وغیرہ کے ذریعے بھی بھیج سکتے ہیں۔

کمیشن کے پاس شکایت کرنے پر کچھ خرچ نہیں ہوتا۔

آپ کی شکایت کا تحریری ہونا ضروری ہے۔ کمیشن کا ایک شکایت فارم ہے جسے آپ بھر کر بذریعہ ڈاک یا فیکس ہمیں بھیج سکتے ہیں یا آپ ہماری ویب سائیٹ پر آن لائن شکایت داخل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنی شکایت لکھ نہیں سکتے تو ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

آپ کی شکایت کے قابل قبول ہونے کے لیے ضروری ہے کہ معقول طور پر یہ بحث اٹھائی جا سکتی ہو کہ آپ جن واقعات کے بارے میں شکایت کرنا چاہتے ہیں، وہ غیر قانونی امتیازی سلوک ہیں اور آپ کو اپنے الزامات کے متعلق کافی تفصیل فراہم کرنی ہو گی جس میں یہ شامل ہے کہ کیا ہوا تھا، کب اور کہاں ہوا تھا اور کون اس میں شامل تھا۔

شکایت کسی بھی زبان میں لکھی جا سکتی ہے۔ اگر آپ کو تحریری یا زبانی مترجم کی ضرورت ہے تو ہم اس کا انتظام کر سکتے ہیں۔

## مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

آسٹریلین ہیومن رائٹس کمیشن سے رابطے کی تفصیلات یہ ہیں:

**فون**
نیشنل انفارمیشن سروس: 419 656 1300 یا 9888 9284 (02)
TTY: 241 620 1800 (ٹول فری)
فیکس: 9611 9284 (02)

**بذریعہ ڈاک**
GPO Box 5218
Sydney NSW 2001

**آن لائن**
ای میل: infoservice@humanrights.gov.au
ویب سائیٹ: www.humanrights.gov.au

آپ اس پتے پر جا کر آن لائن شکایت کر سکتے ہیں:
www.humanrights.gov.au/complaints_information/online_form/index.html.

اگر آپ سماعت سے محرومی یا سماعت کے نقص کا شکار ہیں تو آپ 241 620 1800 پر فون کر کے بذریعہ TTY ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو Auslan انٹرپریٹر کی ضرورت ہو تو ہم آپ کے لیے اس کا انتظام کر سکتے ہیں۔

اگر آپ نابینا ہیں یا آپ کی بینائی ناقص ہے تو ہم درخواست کرنے پر متبادل صورتوں میں معلومات فراہم کر سکتے ہیں۔

### نسلی بنیادوں پر نفرت کی شکایات کے لیے رابطے کے دوسرے مواقع

اگر آپ کو میڈیا میں پیش کردہ ناگوار داستانوں، نشریات یا آن لائن مواد پر تشویش ہے تو آپ آسٹریلین کمیونیکیشنز اینڈ میڈیا اتھارٹی (ACMA) سے شکایت کر سکتے ہیں، اشتہارات کے سلسلے میں آپ ایڈورٹائزنگ سٹینڈرڈز بورڈ سے شکایت کر سکتے ہیں یا اخباری رپورٹوں کے بارے میں آسٹریلین پریس کاؤنسل سے شکایت کر سکتے ہیں۔ آپ متعلقہ میڈیا ادارے کے ایڈیٹر یا مینیجر سے بھی شکایت کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو ہمسایوں کے ناگوار طرزعمل پر تشویش ہے تو آپ کسی کمیونٹی جسٹس سنٹر سے رابطہ کر کے مسئلہ حل کرنے کے لیے مدد لے سکتے ہیں یا اگر آپ پبلک ہاؤسنگ میں رہتے ہیں تو ڈیپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ سے مدد لے سکتے ہیں۔

**اگر آپ کو تشدّد کی دھمکی دی جائے یا آپ پر متشدّدانہ حملہ کیا جائے تو پولیس کے پاس جائیں۔**

April 2020

**عمومی قانونی مشورہ**

اگر آپ شکایت کرنے کے بارے میں سوچ رہے ہیں تو غالباً آپ پہلے قانونی مشورہ لینا یا اپنی ٹریڈ یونین سے رابطہ کرنا چاہیں گے۔ کمیونٹی میں ایسے قانونی ادارے موجود ہیں جو امتیازی سلوک اور ستائے جانے کے بارے میں مفت مشورہ دے سکتے ہیں۔آپ کے قریب ترین کمیونٹی لیگل سنٹر سے رابطے کی تفصیلات یہاں دیکھی جا سکتی ہیں (www.naclc.org.au/directory)۔

**اعلان دستبرداری: اس پرچے میں دی گئی معلومات صرف رہنمائی کے طور پر ہیں۔ یہ قانونی مشورے کا متبادل نہیں۔**